© rasailojaraid.com



سمجھنے اور اس کے برعکس مزدور اور دہقان کو فرشتہ قرار دینے کا جو جنون کارفرما ہے، اس کی چیرہ دستیوں سے کتاب "دین اسلام" بھی بالکلیہ محفوظ نہیں ہے۔

**آسان حدیث یا انمول موتی** مرتبہ مولوی محمد شعیب صاحب، رکن مجلس العلماء، بھوپال۔ قیمت فی قسط ۱ر۔ ملنے کا پتہ:۔ حاجی محمد خاں صاحب سوداگر۔ ابراہیم پورہ۔ بھوپال۔

یہ چھوٹے چھوٹے رسالوں کا ایک سلسلہ ہے جن میں عام مسلمانوں کے لیے سلیس اردو زبان میں احادیث نبوی کا ترجمہ پیش کیا جا رہا ہے۔ ہر رسالہ میں ایک خاص نوعیت کی چند احادیث اور ان کے ساتھ ایک توضیحی مقدمہ (جو بعد ختم خواجگان "مجلس العلماء" کے سامنے پڑھا جا چکا ہے) درج ہے۔ دین کے اصل سرچشمے سے مسلمانوں کی دوری، بے نیازی کی شکل اختیار کرتی جا رہی ہے۔ فرامین رسالت کو اردو زبان میں شائع کر کے اس دوری کو کم کرنے کی سعی کرنا ایک مبارک سعی ہے اور مولوی محمد شعیب صاحب شکریہ کے مستحق ہیں کہ انھوں نے عوام تک حدیث کا علم پہنچانے کے لیے ایک مناسب قدم اٹھایا ہے

**پیارے نبی کی اچھی اچھی باتیں** مرتبہ مولوی محمد شعیب صاحب رکن مجلس العلماء۔ بھوپال۔ قیمت فی قسط (کاغذ قسم اول) ۱۰ر (کاغذ قسم دوم) ۲ر

یہ بھی ترجمۂ احادیث کا ایک مفید سلسلہ ہے جو خاص طور پر بچوں کے لیے مرتب کیا جا رہا ہے۔ کیا ہی اچھا ہوتا کہ اس کا انتساب کسی "شہزادے" کی تقریب سالگرہ سے نہ کیا جاتا۔

**سلسلہ اشاعت حدیث شریف** مرتبہ مولوی محمد شعیب صاحب رکن مجلس العلماء۔ بھوپال۔ قیمت فی رسالہ ۱ر

ترجمۂ احادیث کے اس سلسلے میں نماز کے ساتھ تعلق رکھنے والی احادیث جمع کی گئی ہیں، جن کے مطالعے سے عام مسلمان نماز جیسے اہم ترین رکن اسلام کے متعلق چھوٹے بڑے مختلف مسائل کو خود سمجھ سکتے ہیں۔

© rasailojaraid.com